مطبوعات

ساتھی کے نام | تالیف جناب اسعد گیلانی صاحب ۔ شائع کردہ : ادارہ ادب اسلامی، سرگودھا۔ قیمت تین روپے ۔ صفحات ۱۶۳ ۔

اس کتاب کے فاضل مصنّف جناب اسعد گیلانی صاحب ایک صاحبِ دل ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ اقامتِ دین کی جدوجہد میں عملاً بھی کئی سال سے شریک چلے آ رہے ہیں ۔ یہ خطوط انہوں نے اپنے رفقاء سفر کو اُن کی مختلف مقامات اور منازل پر رہنمائی کے لیے لکھے ہیں ۔ ان خطوط میں ادبیت کی چاشنی کے ساتھ ساتھ عملی دشواریوں کا کامیابی سے مقابلہ کرنے کا داعیہ بھی پایا جاتا ہے ۔

سیرت الاخوین | تالیف : جناب خالد گرجاکھی ۔ شائع کردہ مکتبۂ نور گرجاکھ، ضلع گوجرانوالہ ۔ قیمت فی جلد ۵ روپے ۔ ملنے کا پتہ : سکول بک ڈپو گوجرانوالہ ۔

یہ کتاب دو حصّوں پر مشتمل ہے ۔ پہلے حصّے میں حضرت عثمان ذوالنورین اور دوسرے حصّے میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی سیرت بیان کی گئی ہے ۔ اس کتاب کی تصنیف میں مصنّف نے اس بات کی صراحت کی ہے کہ ملّت کی ان دو بزرگ و برتر ہستیوں کے مابین نزاع کا جو تصوّر قائم ہو گیا ہے وہ بالکل غلط ہے ۔ حضور سرورِ کائنات کے یہ دو جلیل القدر صحابی اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ کی تصویر تھے ۔

اسلام کا نظام محاصل ترجمہ : کتاب الخراج | تالیف : قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ ۔ ترجمہ : جناب محمد نجات اللہ صدیقی ۔ ناشر : مکتبہ چراغِ راہ، کراچی ۔ سول ایجنٹ : اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ ۔ ۱۳ ۔ ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور